آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز منگل 26 اکتوبر 2021ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 206

آغا شورش کاشمیری مرحوم کی 46 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

برسی کی مرکزی تقریب مال روڈ لاہور پر آغا شورش کاشمیری مرحوم کی اقامت گاہ پر ہوئی جس میں انکے صاحبزادوں' صاحبزیووں' عزیز واقارب اور عقیدت مندوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی

آغا شورش کاشمیری مرحوم 27 کتب کے مصنف تھے جن کا انتقال 25 اکتوبر 1975 کو لاہور میں ہوا، آغا شورش کاشمیری نے عمر بھر کتنا قادیانیت کا تعاقب کیا انکا شمار اپنے دور پاکستان کے تین چار مدیران میں ہوتا تھا



لاہور (خصوصی رپورٹ) پاکستان کے مشہور صحافی ،مصنف اور ایڈیٹر ''چٹان ''لاہور آغا شورش کاشمیری مرحوم کی 46ویں برسی گزشتہ روز عقیدت واحترام سے منائی گئی ،آغا شورش کاشمیری مرحوم کی برسی کی مرکزی تقریب مال روڈ پر واقع اُن کی اقامت گاہ پر منعقد ہوئی جس میں آغا شورش کاشمیری مرحوم کے صاحبزادگان ،آغا مسعود شورش ،آغا محمود شورش ،آغا مہشود شورش' آغا مبشر شورش' صاحبزادیوں محترمہ شائستہ شورش ،محترمہ شاہدہ شورش ،محترمہ توصیف شورش ،محترمہ عنبرین شورش ، اور محترمہ عتیقہ شورش کے علاوہ عزیز واقارب دوست احباب اور آغا شورش کاشمیری کے عقیدت مند صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ،اس موقع پر آغا شورش کاشمیری مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور قرآن خوانی کی گئی ،اور کلمہ طیبہ کا ورد بھی کیا گیا بعدازاں آغا مسعود شورش اور بہنوں نے میانی صاحب لاہور کے قبرستان میں مرحوم کی قبر پر حاضری دی، پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور فاتحہ خوانی کی ۔یادرہے کہ آغا شورش کاشمیری مرحوم کا شمار پاکستان کے تین چار سرکردہ مدیران میں ہوتا تھا جنہوں نے فتنہ مرزائیت کا بڑی دلیری اور جرات مندی سے تعاقب کیا اور اپنی زندگی میں مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیتے ہوئے دیکھا آپ 24 اور 25 اکتوبر 1975 کی درمیانی شب لاہور میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ۔آغا شورش کاشمیری 27 کتب کے مصنف تھے جبکہ ان کی ادارت میں شائع ہونے والے ہفت روزہ چٹان نے کبھی بھی کسی آمر یا حکومت کے سامنے گھٹنے نہیں ٹیکے: آغا شورش کاشمیری نے اپنی ادارتی پالیسی اور حکمرانوں پر کڑی تنقید کے باعث برسوں مختلف جیلوں کی صعوبتیں برداشت کیں۔انکی دونوں پرجنگ پریسز کو بھی درجنوں مرتبہ سربمہر کیا گیا۔اور ہفت روزہ چٹان کا ڈیکلریشن بھی متعدد مرتبہ حکومتوں نے منسوخ کیا۔جنہیں وہ عدالت عالیہ اور عدالت عظمی سے رجوع کر کے بحال کراتے رہے۔

☆☆☆☆

پاکستانی کرکٹ ٹیم نے ٹی 20 ورلڈ کپ میچ جیت کر بھارتی غرور خاک میں ملا دیا

پرنس بہاول خان عباسی

کیپٹن بابر اعظم کی قیادت میں قومی کرکٹ ٹیم نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، امیر آف بہاولپور کے ولی عہد کی مبارک باد

لاہور (پ ر) امیر آف بہاولپور کے ولی عہد پرنس بہاول خان عباسی نے آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارتی ٹیم کی شکست پر پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم اور تمام کھلاڑیوں کو مبارک باد دی ہے۔ڈیفنس لاہور کی اپنی اقامت گاہ سے جاری کئے گئے بیان میں ولی عہد پرنس بہاول خان عباسی نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم نے اپنی شاندار کھیل کا مظاہرہ کر کے نہ صرف پوری پاکستان قوم کے دل جیت لیے ہیں بلکہ بھارتی غرور کو بھی خاک میں ملا دیا ہے ۔انہوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ پاکستانی کرکٹ ٹیم آئی سی سی ،ٹی ،20 ،ٹورنامنٹ کے دوسرے میچوں میں بھی اسی نوعیت کا شاندار کھیل پیش کرے گی۔

وزیراعظم نے جمشید اقبال چیمہ کا استعفیٰ منظور کرلیا

اپوزیشن عوام کو اشتعال دلا رہی ہے 2014 کے بعد اب ایکسپورٹس بڑھی ہیں، جمشید چیمہ

پاکستان سمیت دنیا بھر میں موٹاپے کا عالمی دن آج منایا جائیگا

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم عمران خان نے جمشید اقبال چیمہ کا بطور معاون خصوصی استعفیٰ منظور کرلیا۔ کابینہ ڈویژن نے استعفے کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، نوٹی فکیشن کے مطابق استعفیٰ کی منظوری کا اطلاق 22 اکتوبر 2021 سے ہوگا۔جمشید اقبال چیمہ نے گزشتہ دنوں معاون خصوصی فوڈ سیکیورٹی کے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا، پی ٹی آئی نیا این اے 133 لاہور کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف کا قرض کیلئے آئی ایم ایف کی شرائط پارلیمنٹ میں لانے کا مطالبہ

مہنگائی کی طرح مسلسل ڈالر میں اضافہ پر حکمران مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں

معاشی تباہی، مہنگائی اور معاشی افراتفری پاکستان کی قومی سلامتی کے تقاضوں کے لیے نیک فال نہیں، صدر مسلم لیگ ن



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ)ن (کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے قرض کے لیے آئی ایم ایف کی شرائط پارلیمنٹ میں لانے کا مطالبہ کردیا۔اپنے بیان میں قومی اسمبلی مین اپوزیشن لیڈر شہباز شریف نے کہا کہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب میں پاکستانی سفیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) بلال اکبر کو واپس بلانے پر غور شروع

ریاض میں اُنکے متبادل کا نام بھی طے کرلیا گیا ہے، بلال اکبر کو چیمبر مین نیب لگانے پر غور کیا جارہا ہے

اسلام آباد (یواین پی) لیفٹیننٹ جنرل (ر) بلال اکبر کو سات ماہ قبل ہی سعودی عرب میں پاکستانی سفیر لگائے جانے کے بعد اب وزیراعظم عمران خان نے انہیں واپس بلانے پر غور شروع کر دیا ہے۔وزارت خارجہ کے ترجمان سے جب اس معاملے پر چند روز قبل سوال کیا گیا تھا تو انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا تھا۔بلال اکبر نے بھی اسے افواہ قرار دیا تھا۔عمر چیمہ کی رپورٹ کے مطابق 15 اکتوبر کو جب اُن سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کی میچ دیکھتے ہوئے تصویر پر، مریم نواز کی کڑی تنقید

ملک میں خلق خدا بھوک، مہنگائی اور نااہلی سے مر رہی ہے ان کو دیکھو

بے ضمیری اور بے حسی کا اگر چہرہ ہوتا تو ایسا ہوتا' نائب صدر مسلم لیگ ن کا ٹویٹ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے وزیراعظم عمران خان کی میچ دیکھتے ہوئے تصویر پر کڑی تنقید کی ہے۔مریم نواز کی جانب سے گزشتہ روز عمران خان کی سعودی عرب میں وزرا کے ہمراہ میچ دیکھنے کی تصویر شیئر کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چولستان بلائنڈ کرکٹ ٹرافی 2021ء کی افتتاحی تقریب

ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں طب مشرق اور ہومیوپیتھی ڈسپنسری کو فعال کردیا گیا

بہاولپور (پ ر) چولستان بلائنڈ کرکٹ ٹرافی 2021ء کی افتتاحی تقریب ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ یہ ٹورنامنٹ 27 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ڈپٹی کمشنر نے شاندار ٹورنامنٹ کے انعقاد پر منتظمین کو مبارک باد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ شاندار کھیل، نظم وضبط اور سپورٹس مین سپرٹ کی تعریف کی۔تقریب میں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں طب مشرق اور ہومیوپیتھی ڈسپنسری کو فعال کردیا گیا۔عباسیہ کیمپس میں واقع اس ڈسپنسری سے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہریوں کو ان کی دہلیز پر کورونا ویکسین لگانے کی مہم کا آغاز ہوگیا

عثمان بزدار کی ہدایت پر پنجاب بھر میں

کورونا ویکسیشن کی مہم بارہ نومبر تک جاری رہے گی روزانہ دس لاکھ شہریوں کو ویکسین لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ سردار عثمان بزدار کی ہدایت پر شہریوں کو ان کی دہلیز پر کورونا ویکسین لگانے کی خصوصی مہم پنجاب کے تمام اضلاع میں آج سے شروع ہوگئی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی زیر صدارت آج اجلاس منعقد ہوا جس میں شہریوں کو ان کی دہلیز پر کورونا ویکسینیشن کی مہم (Reach Every Door) کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا ویکسینیشن کی خصوصی مہم 12 نومبر تک جاری رہے گی اور روزانہ تقریباً 10 لاکھ شہریوں کو ویکسین

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلاول بھٹو زرداری کا 29 اکتوبر کو ملک بھر میں مہنگائی کے خلاف احتجاج کا اعلان

پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی' آئی ایم ایف بجٹ کے خلاف پہلے دن سے احتجاج کیا، اقتدار کیلئے سیاست نہیں کرتے

29 اکتوبر پیپلز پارٹی مقامی پریس کلبز کے سامنے مہنگائی کے خلاف احتجاج کرے گی' چیئرمین پیپلز پارٹی

لاڑکانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے 29 اکتوبر کو ملک بھر کے اضلاع میں مقامی پریس کلبز کے سامنے مہنگائی کے خلاف احتجاج کا اعلان کردیا۔لاڑکانہ میں پارٹی عہدیداران وکارکنان کے اجلاس کی سربراہی کے دوران بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عمران خان جس معاملے میں ہاتھ ڈالتے ہیں وہاں تبدیلی نہیں بلکہ تباہی آتی ہے، آئین نے عوام کو جو آزادیاں دی ہیں عمران

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیٹ لائٹ ٹاؤن کی مرکزی سڑک کندے پانی سے بھر گئی ٹریفک کی روانی متاثر

مدینہ مسجد کے قریب سیوریج لائن کی بھتوں سے بند پڑی ہے شہریوں کا ایڈمنسٹریٹر بلدیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) سیٹ لائٹ ٹاؤن کی مرکزی سڑک کی سیوریج لائن بند ہونے سے پوری سڑک گندے پانی سے بھر گئی ۔ٹریفک کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: سیٹ لائٹ ٹاؤن مدنیہ مسجد کے قریب سیوریج بند ہونے سے گٹروں کا گندہ پانی سڑک پر پھیلا ہوا ہے۔

روئی کے نرخوں میں اضافہ نرخ چھ ہزار پانچ سوئی من سے تجاوز کر گئے

بیوپاری علاقوں سے بڑی مقدار میں خریداری کر رہے ہیں نرخ میں مزید اضافہ متوقع ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) روئی کے نرخوں میں تیزی سے کپاس کے نرخوں میں اضافہ، نرخ چھ ہزار پانچ سوئی من سے تجاوز کر گئے۔ تفصیل کے مطابق روئی کے نرخوں میں اضافہ کے ساتھ ہی پھٹی کے نرخوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ اور گزشتہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

محمود ماتم معمولی تنازعہ پر پیر سید محمد شاہ جرار کے بھانجے جمیل شاہ کو موت کی نیند سلا دیا گیا

چار موٹر سائیکل سوار مقتول جمیل شاہ کو گھر سے اغوا کر کے لے گئے اور تشدد کا نشانہ بنا کر مار ڈالا

اطلاع ملنے پر ڈی ایس پی آصف رشید اور چنی گوٹھ موقع پر پہنچ گئے مقتول کی نعش پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کردی گئی

چنی گوٹھ (نامہ نگار) موضع محمود ماتم میں چار افراد نے معمولی تنازع پر معروف روحانی شخصیت پیر سید محمد شاہ جرار کے بھانجے چھ بچوں کے باپ کو تشدد کا نشانہ بنا کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔اس سلسلے میں موضع محمود ماتم کے رہائشی مقتول کے والد ظفر حسین شاہ نے بتایا کہ موضع محمود ماتم کے رہائشی شفیق، حنیف وغیرہ چار افراد موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ہمارے گھر آ گئے اور میرے بیٹے جمیل شاہ کو گھر سے بلا کر زبردستی موٹر سائیکل پر اغوا کر کے کچھ دور لے جا کر تشدد کا نشانہ بنا کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اطلاع ملتے ہی چنی گوٹھ پولیس اور ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ چوہدری آصف رشید موقع پر پہنچ گئے اور انہوں نے لاش کو رورل ہیلتھ سنٹر چنی گوٹھ منتقل کیا اور وہاں سے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ بھجوا دیا گیا ہے۔

ٹرک اور رکشہ میں خوفناک تصادم' نتیجہ میں دو افراد جاں بحق' ایک زخمی

حادثہ احمد پور اوچ روڈ پر گریڈ اسٹیشن کے قریب پیش آیا ٹرک ڈرائیور فرار ہوگیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) ٹرک اور رکشہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: رکشہ اور ٹرک کے تصادم کے نتیجہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال احمد پور شرقیہ میں ایمرجنسی مریضوں کے ای سی جی ایکسرے اور ٹیسٹ فری دیئے گئے

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عارف غوری کا اعلان شہریوں کی جانب سے ایم ایس کے اقدام کا خیر مقدم

احمد پور شرقیہ (پ ر) تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال میں ایمرجنسی کے مریضوں کے ایکسرے ،ای سی جی اور دیگر ٹیسٹ فری کر دیئے گئے ہیں اس امر کا اعلان تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عارف غوری نے روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے بتایا کہ اس سلسلہ میں 25 اکتوبر بروز سوموار سے سول ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہر میں ڈینگی بے قابو، مزید 2 زندگیاں نگل گیا

لاہور (یواین پی) ڈینگی شہر میں بے قابو ہوگیا، محکمہ صحت پنجاب کے مطابق گزشتہ روز لاہور

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈالر 174 روپے 50 پیسے کا ہوگیا

انٹر بینک میں ڈالر مزید 50 پیسے مہنگا ہوگیا

اسلام آباد (یواین پی) پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور ڈالر کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈالر 174 روپے 50 پیسے کا ہو گیا۔فاریکس ڈیلرز کے مطابق، انٹر بینک میں ڈالر مزید 50 پیسے مہنگا ہوگیا۔انٹر بینک میں ڈالر کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان میں 2 کروڑ 20 لاکھ افراد موسم سرما میں ''شدید غذائی عدم تحفظ'' کا شکار ہوسکتے ہیں

بحران یمن یا شام کے مقابلے میں پہلے ہی بڑے پیمانے پر ہے' اقوام متحدہ

جنیوا (یواین پی) اقوام متحدہ کے ذیلی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹک ٹاک پر پابندی آئینی حقوق کی خلاف ورزی ہے، عدالت

متوسط طبقہ اپنے ٹیلنٹ کو اجاگر کر کے اس پلیٹ فارم سے کمائی کر رہا ہے

اسلام آباد (یواین پی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے کہا ہے سوشل میڈیا ایپ ٹک ٹاک کو پاکستان میں بلاک کرنا بادی النظر میں آئین میں دیئے گئے حقوق کی خلاف ورزی ہے۔سوشل میڈیا ایپ ٹک ٹاک پر پابندی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صرافہ ایسوسی ایشن کے سابق صدر حاجی ریاض حسین مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

میاں گزین عباسی، ملک خالد محمود وارن ایم پی ایز چیئرمین بلدیہ اوچ شریف مخدوم سید سبطین حیدر بخاری سمیت ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) محلہ سرور شاہ کے رہائشی سیاسی سماجی وکاروباری شخصیت امتیاز حسین کے بڑے بھائی ،غلام عباس، ندیم عباس، وسیم عباس، اور تسلیم عباس کے والد معروف سیاسی سماجی وکاروباری شخصیت سابق صدر صرافہ ایسوسی ایشن حاجی ریاض حسین) مرحوم (کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام ڈیرہ علی گوہر خان پر کیا گیا جس میں تحریک انصاف کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھارت کے ساتھ کرکٹ آگے بڑھانا چاہتے ہیں: عمران خان

پاکستان اور بھارت اچھے ہمسایہ ممالک کے طور پر آگے بڑھ سکتے ہیں: وزیراعظم

لاہور (یواین پی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان نے بھارت کیخلاف تاریخی فتح حاصل کی ہے۔ ہم بھارت کے ساتھ کرکٹ کے کھیل کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ ریاض میں وزیراعظم عمران خان فیصلہ زیم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بھارت اچھے ہمسایہ ممالک کے طور پر آگے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پانچویں نمبر پر

دنیا کے آلودہ شہروں کی فہرست میں پیرکو بیجنگ پہلے، شینیا نگ دوسرے نمبر پر رہا

کراچی (یواین پی) کراچی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پیرکو پانچویں نمبر پر آگیا۔ایئر کوالٹی انڈیکس کی جانب سے جاری کی گئی تازہ رپورٹ کے مطابق پیرکو دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں کراچی کا پانچواں نمبر پر رہا جبکہ کراچی کی فضا میں آلودہ ذرات کی مقدار 154 پرٹیکیولیٹ میٹرز

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گھی کی قیمتوں میں 20 روپے اضافے کے خلاف قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (یواین پی) مسلم لیگ (ن) نے گھی کی قیمتوں میں مزید 20 روپے اضافے کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شیخ کا ٹکٹ ضائع ہونا معمولی بات نہیں ہے؛ شیخ رشید

میں اپنی جیب سے ٹکٹ لے کر شارجہ گیا تھا۔وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے قومی ٹیم کی تاریخی فتح اسٹیڈیم میں نہ دیکھنے پر اظہار افسوس کیا۔شیخ رشید نے کہا کہ شیخ کا ٹکٹ ضائع ہوگیا، یہ معمولی بات نہیں ہے، اپنی جیب سے ٹکٹ لے کر شارجہ گیا تھا۔شیخ رشید کا کہنا تھا کہ کوئی کہے گا بابر اعظم کوئی کہے گا کوئی اور ہے، قوم پوری ٹیم کے پیچھے کھڑی ہے۔نجی ٹی وی چینل

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تحریک انصاف کی بنیاد انصاف، انسانیت اور خودداری پر ہے، فرخ حبیب

وزیراعظم عمران خان کا ویژن ہے کہ انصاف سب کو برابری کی سطح پر فراہم کرنا ہے؛ وفاقی وزیر

لاہور (یواین پی) وفاقی وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی بنیاد انصاف، انسانیت اور خودداری پر ہے۔تفصیلات کے مطابق لاہور میں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب کا 2030 تک ریاض میں برتی کاروں کی تعداد 30 فیصد تک بڑھانے کا اعلان

ریاض (یواین پی) سعودی عرب نے اعلان کیا ہے کہ وہ 2030 تک ریاض میں کم از کم

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شیل پاکستان کو 296 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع

کراچی (یواین پی) شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال کی تیسری سہ ماہی کیلئے کمپنی کے مالی نتائج کا اعلان کردیا

اعلان بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہتر سہولیات فراہم کر رہا ہے، وزیر خزانہ

پاکستان سرمایہ کاری کے اعتبار سے آئیڈیل ملک ہے

اسلام آباد (یواین پی) وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بہتر سہولیات فراہم کر رہا ہے۔تفصیلات کے مطابق سعودی عرب میں وزارت تجارت کی جانب سے کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں وزیراعظم

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالقدوس بزنجو نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

سیکریٹری اسمبلی عبدالقدوس بزنجو کا استعفیٰ گورنر بلوچستان کو ارسال کریں گے

کوئٹہ (یواین پی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالقدوس بزنجو نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، عبدالقدوس بزنجو وزیراعلیٰ بلوچستان کے امیدوار ہیں۔تفصیلات کے مطابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالقدوس بزنجو نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا،

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی: سپریم کورٹ کا نسلہ ٹاور ایک ہفتے میں گرانے کا حکم

نسلہ ٹاور کی بجلی اور پانی کے کنکشنز 27 اکتوبر تک منقطع کرانے کا حکم

کراچی (یواین پی) سپریم کورٹ نے کراچی میں قائم نسلہ ٹاور ایک ہفتے میں گرانے کا حکم دے دیا۔سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں نسلہ ٹاور گرانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔سپریم کورٹ نے ایک ہفتے میں نسلہ ٹاور

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچہ جمہورا

بچہ جمہورا: اُستاد جی، دبئی میں، پاکستانی کرکٹ ٹیم نے ہندوستانی ٹیم کے چھکے چھڑا دیئے

ہاں بچے جمہورے : کپتان بابر اعظم حقیقی معنوں میں ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں کیونکہ بھارت بارہ مرتبہ عالمی ٹورنامنٹس میں پاکستان کو شکست دے چکا تھا وزیراعظم کو چاہیے کہ وہ پاکستانی کرکٹ ٹیم کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں مالی مراعات سے نوازیں

دیکھو اور انتظار کرو

پاکستان سے شکست پر بھارتی ٹیم کے مسلمان بولر محمد شامی کے خلاف نفرت انگیز مہم

ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے بھارت کی شکست کا سارا ملبہ محمد شامی پر ڈال دیا گیا

پاک بھارت میچ کے اختتام پر محمد شامی کے سوشل میڈیا اکاونٹ پر گالیوں کا سلسلہ شروع ہوگیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان سے ہارنے کے بعد بھارتی انتہا پسندوں نے مسلمان کرکٹر محمد شامی کے خلاف سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مہم شروع کردی۔ ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے بھارت کی شکست کا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اینٹی کرپشن، ضلعی انتظامیہ راولپنڈی نے مریم اورنگزیب کے چچازاد بھائی کا غیر قانونی پلازہ مسمار کردیا

لاہور (یواین پی) اینٹی کرپشن اور ضلعی انتظامیہ راولپنڈی نے مسلم لیگ (ن) کی مرکزی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی ایم ایف شرائط پر برآمدی شعبہ 34 ارب سیلز ٹیکس چھوٹ ختم کرنے سے برآمدات متاثر ہونگی، نصراللہ مغل

لاہور (یواین پی) سینئر صنعتکار ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبرز آف کامرس وانڈسٹریز نصراللہ مغل سابق چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز نے واشنگٹن میں آئی ایم ایف سے سخت شرائط

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور کے صدارتی ایوارڈ یافتہ نعت گو شاعر امین ساجد سعیدی کو وزیراعلیٰ پنجاب سیرت ایوارڈ دے رہے ہیں۔

ادار یہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ.....احمد پور شرقیہ

پاکستان عوام کی مشکلات میں اضافہ

وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر کہا ہے کہ ملک میں ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کے خلاف کریک ڈان جاری رہے گا وزیراعظم کا یہ بھی کہنا ہے کہ حکومت مہنگائی کے باعث عام آدمی کی تکلیف سے پوری طرح آگاہ ہے اور یہ کہ کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کیا جارہا ہے دریں اثنا وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ صحت اور تعلیم کے ساتھ چار بنیادی اشیا ضرورت آٹا چینی دال اور گھی پر بڑا ریلیف لا رہے ہیں وطن عزیز میں مہنگائی کا بڑھتا گراف تشویشناک صورت اختیار کرتا چلا جارہا ہے دوسری جانب ادارہ شماریات کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک میں مہنگائی کی شرح میں 1.38 فیصد کا اضافہ ہوگیا ہے اس طرح اعداد وشمار کی روشنی میں دیکھا جائے تو گرانی کی مجموعی شرح 14.48 فیصد تک پہنچ گئی ہے رپورٹ کے مطابق ایک ہفتہ میں چینی اور گھی سمیت 29 اشیا مزید مہنگی ہوئی ہیں اعداد وشمار جو سرکاری طور پر ادارہ شماریات کی رپورٹ میں آتے ہیں ان سے ہٹ کر منڈی کی صورتحال کو دیکھا جائے تو وہ زیادہ تشویشناک ہے صوبائی دارالحکومت پشاور میں گزشتہ روز آٹے کی 80 کلو بوری 6000 روپے میں فروخت ہوئی اسی طرح روئی کا وزن اور قیمت بھی مسئلے کی شکل اختیار کئے ہوئے ہے اوپن مارکیٹ میں چینی کی 50 کلو بوری ایک دن میں 400 روپے مہنگی ہوئی ہے اس سارے منظر نامے میں مجموعی اقتصادی صورتحال سے متعلق مہیا رپورٹس کے مطابق انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ کے ساتھ قرضے کیلئے مذاکرات ختم کئے بغیر ہی مشیر برائے خزانہ شوکت ترین واشنگٹن سے روانہ ہوچکے ہیں دوسری جانب ایشیائی بینک نے احساس پروگرام کیلئے 60 کروڑ ڈالر فراہم کرنیکا عندیہ دے دیا ہے جبکہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں کا گراف نیچے آرہا ہے اقتصادی شعبے میں درپیش صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے زرمبادلہ کے حوالے سے نیا قاعدہ قانون ترتیب دے دیا گیا ہے جسکے ساتھ 500 ڈالر سے زائد کرنسی کی خرید وفروخت پر پابندی لگادی گئی ہے جبکہ بائیو میٹرک بھی لازمی کردی گئی ہے اسکے ساتھ ہی کرنسی کی خرید وفروخت کے پورے عمل کی نگرانی کا انتظام بھی کرلیا گیا ہے حکومتی سطح پر گرانی قابو میں رکھنے کیلئے تمام انتظامات اپنی جگہ سہی عوام کو ریلیف دینے کیلئے مارکیٹ کیلئے کڑی نگرانی ناگزیر ہے اس مقصد کیلئے مرکز اور صوبوں کو فوری طور پر حکمت عملی طے کرنا ہوگی تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

☆☆☆☆

نمبر 01

ضمنی الیکشن کیلئے جمشید چیمہ کو امیدوار نامزد کیا ہے۔مسلم لیگ(ن) کے پرویز ملک کے انتقال کے باعث این اے133 لاہور کی نشست خالی ہوئی ہے۔جمشید اقبال چیمہ نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ مہنگائی ٹی وی پر نظر آتی ہے، پوری دنیا میں مہنگائی آئی ہے۔جمشید اقبال چیمہ نے کہا کہ اپوزیشن نے کبھی ذکر نہیں کیا کہ سندھ میں مہنگائی زیادہ ہے، اپوزیشن عوام کو اشتعال دلا رہی ہے2011 کے بعد اب ایکسپورٹس بڑھی ہیں۔انہوں نے کہا کہ این اے133 کی صوبائی نشستوں سے ہمارے ایم پی ایز جیتے ہوئے ہیں، این اے133 کا الیکشن ہم بڑے مارجن سے جیتیں گے۔

نمبر 02

بھر میں موٹاپے کا عالمی دن آج 26- اکتوبر بروز منگل کو منایا جائیگا اس دن کی مناسبت سے محکمہ صحت اور این جی اوز کے زیر اہتمام اسلام آباد سمیت ملک بھر میں تقریبات اور واکس انعقاد پذیر ہوں گی جس میں موٹاپے کے نقصانات کے حوالے سے آگاہی دی جائے گی ۔الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

نمبر 03

ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر عامر حمید، جنرل سیکرٹری بلائنڈ کرکٹ ٹیم سید سلمان طارق بخاری، عثمان سعید صدر بلائنڈ کرکٹ ایسوسی ایشن اور شائقین موجود تھے۔ پہلا میچ بہاول پور بلائنڈ کرکٹ ٹیم اور اوکاڑہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے درمیان کھیلا گیا۔اوکاڑہ کی ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے159 رنز بنائے اور 2 کھلاڑی آؤٹ ہوئے۔ بدر منیر نے 81 رنز سکور کیے۔ بہاولپور بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے مطلوبہ ہدف 15.5 اوورز میں حاصل کر لیا اور فاتح قرار پائے۔راشد 88 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے اور مین آف دی میچ قرار پائے۔ دوسرا میچ لاہور بلائنڈ کرکٹ ٹیم اور کوئٹہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم کے مابین کھیلا گیا۔ لاہور بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے 8 وکٹ کے نقصان پر254 رنز بنائے۔کوئٹہ بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے 4 وکٹ کے نقصان پر 54 رنز بنائے۔اس طرح یہ میچ لاہور بلائنڈ کرکٹ ٹیم جیت گئی۔

نمبر 04

لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کو کورونا کے باعث بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔پنجاب میں اب تک تقریباً13 ہزار سے زائد افراد کورونا سے جاں بحق ہو چکے ہیں اور پنجاب کی معیشت کو تقریباً650 ارب روپے کا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔جانی و مالی نقصان سے بچنے کیلئے ویکسینیشن اور احتیاط ضروری ہے۔پنجاب حکومت نے شہریوں کی زندگیوں کے تحفظ کیلئے بڑے پیمانے پر ویکسینیشن مہم شروع کی ہے۔شہریوں کو ان کے گھروں میں جا کر کورونا ویکسین لگائی جائے گی۔ RED ویکسینیشن مہم کو کامیاب بنانے کیلئے صوبہ بھر میں 14 ہزار نئے ویکسی نیشن سنٹرز قائم کئے ہیں۔شہریوں کو ان کی دہلیز پر ویکسینیشن کیلئے 18 ہزار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔خصوصی ٹیمیں ہر محلے اور گاؤں میں جا کر مفت ویکسین لگائیں گی۔ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز اس مہم کو کامیاب بنانے کیلئے مشترکہ کاوشیں کریں گی۔صوبائی وزراء، منتخب نمائندگان اور سماجی کارکنوں کو بھی مہم کی کامیابی کیلئے ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ کورونا سے نجات کا واحد حل ویکسینیشن ہے۔میری عوام سے اپیل ہے کہ ویکسین لازمی لگوائیں۔اجلاس میں صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد، سیکرٹری پرائمری وسیکنڈری ہیلتھ، ڈی جی پی آر اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

نمبر 05

اساتذہ، طلباء وطالبات اور عام لوگ مستفید ہوں گے۔اور انہیں طبی معائنے اور ادویات کی مفت فراہمی کی سہولت ہوگی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرو وائس چانسلر و ڈین فیکلٹی آف فارمیسی اینڈ لائیڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر نوید اختر نے کہا کہ یہ ڈسپنسری 5 سال قبل قائم کی گئی تھی لیکن مکمل طور پر فعال نہ ہونے کی وجہ سے اچھے نتائج حاصل نہیں ہو رہے تھے۔ وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کی ہدایت پر ڈسپنسری کو مکمل طور پر فعال بنایا گیا ہے ۔ یہاں پر ہومیو پیتھک فزیشن تعینات کیے گئے ہیں جو صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک مریضوں کا چیک اپ کرتے ہیں اور نہیں مفت ادویات دی جاتی ہیں۔اس وقت آؤٹ ڈور مکمل طور پر فعال کر دیا ہے جس میں روزانہ 30 مریضوں کا چیک اپ اور مفت ادویات دی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ملازمین اور طلباء وطالبات کی بڑی تعداد اس ڈسپنسری سے مستفید ہو رہی ہے۔ یونیورسٹی کنونشل میڈیسین کے شعبے کو اس سے منسلک کیا ہے اور اساتذہ اور طلباء وطالبات کی بڑی تعداد اس ڈسپنسری میں اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے۔

نمبر 06

خان نے ان کو چھین لیا ہے، ووٹ کے تحفظ سے لے کر بولنے کی آزادی اور میڈیا کی آزادی کو عمران خان نے چھیننے کی کوشش کی ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے پاکستان کے عوام ایک سخت دور سے گزر رہے ہیں، ہم اقتدار کے لئے سیاست نہیں کرتے، عوامی مسائل کا حل ہماری سیاست کا محور ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی ایم ایف بجٹ کے خلاف پہلے دن سے احتجاج کیا، پاکستان پیپلز پارٹی 29 اکتوبر بروز جمعہ ملک بھر کے اضلاع میں مقامی پریس کلبوں کے سامنے مہنگائی کے خلاف احتجاج کرے گی۔

نمبر 07

ایک ہفتہ میں پھٹی کے نرخوں میں پانچ سو روپے فی من اضافہ ہو چکا ہے۔ اور پھٹی کے نرخ چھ ہزار پانچ سو روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ اور خریداری میں بھی تیزی آ گئی ہے۔ اور بیوپاری علاقوں سے بڑی مقدار میں خریداری کر رہے ہیں۔ جس سے کسانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق آنے والے دنوں میں نرخوں میں مزید اضافہ متوقع ہے۔

نمبر 08

روانی متاثر ۔شہریوں کو مشکلات کا سامنا۔ تفصیل کے مطابق سیٹلائٹ ٹان سے گزرنے والی مرکزی روڈ کی سیوریج لائن مدینہ مسجد کے قریب گزشتہ کئی ہفتہ سے بند پڑی ہے۔ جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے۔ جبکہ بدبو اور تعفن سے یہاں کے مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔اور شہریوں کا یہاں سے گزرنا دوبھر ہو چکا ہے۔ اور یہ مسئلہ گھمبیر شکل اختیار کر چکا ہے۔ شہریوں میاں سلیم، چوہدری خالد، محمد عثمان، رانا حمزہ، نے اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ سے سیوریج لائن کی جلد از جلد درستگی کا مطالبہ کیا ہے۔

نمبر 09

’’موجودہ حالات کے تناظر میں شاید کچھ افواہیں زیر گردش ہیں۔‘‘ معلوم ہوا کہ ریاض میں اُن کے متبادل کا نام بھی طے کرلیا گیا ہے اور اعلان جلد ہی متوقع ہے۔ بلال کو واپس بلانے کی اصل وجہ معلوم نہیں لیکن غیر مصدقہ ذرائع سے پتہ چلتا ہے کہ انہیں چیئرمین نیب لگانے پر غور کیا جا رہا ہے۔موجودہ چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال فی الحال عہدے میں توسیع لیے ہوئے ہیں اور ان کے عہدے کی مدت 8 اکتوبر کو ختم ہونے کے بعد صدر عارف علوی نے اُن کے عہدے کی مدت مکمل ہونے سے ایک دن قبل ہی آرڈیننس جاری کر کے جاوید اقبال کو عہدے میں توسیع دی، اس کے لیے اپوزیشن لیڈر سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی اور یہ بھی ایک الگ سوال ہے۔ حالیہ عرصہ کے دوران بلال وہ دوسرے سفیر ہیں جنہیں عہدے کی مدت مکمل ہونے سے قبل ہی واپس بلایا جا رہا ہے۔رپورٹ کے مطابق اُن سے قبل راجہ علی اعجاز کو ان کی ریٹائرمنٹ سے چند ہفتے قبل ہی معطل کر کے قلیل مدتی نوٹس پر واپس طلب کر لیا گیا تھا۔ وزیراعظم نے اُن سے ملاقات میں ناراضی کا اظہار کیا تھا اور اس بات کا ذکر روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ایک ایونٹ میں کیا تھا۔ علاوہ ازیں، ڈپلومیٹک، کمیونٹی ویلفیئر اور قونصلر ونگ کے 6 دیگر افسران کو بھی واپس بلایا جا چکا ہے۔حکومت کا کہنا تھا کہ انہیں واپس بلانے کا فیصلہ پاکستانی کمیونٹی کی سفارتی عملے کیخلاف بڑھتی شکایتوں کی وجہ سے کیا گیا تھا۔ تاہم، وزارت خارجہ کی بیوروکریسی نے اس فیصلے کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا تھا اور کچھ ریٹائرڈ سفیروں نے اسے توہین قرار دیتے ہوئے احتجاج بھی کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق بلال اکبر چاہتے تھے کہ وہ کچھ عرصہ کے لیے سعودی عرب میں قیام کریں لیکن اُن سے کہہ دیا گیا ہے کہ وہ تیار رہیں کیونکہ واپسی کا نوٹس کسی بھی وقت جاری ہوسکتا ہے۔یاد رہے کہ بلال دسمبر 2020ء میں فوج سے ریٹائر ہوئے۔ اپنی ریٹائرمنٹ کے وقت وہ پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کے چیئرمین تھے۔سعودی عرب میں سفیر کا عہدہ اکثر ریٹائرڈ فوجی افسر کو دیا جاتا ہے جس سے دونوں برادر ممالک کے تعلقات کی عکاسی ہوتی ہے جو زیادہ تر دفاعی نوعیت کے ہیں۔ ایک ذریعے نے کہا کہ ممکن ہے کہ اس مرتبہ بلال کے متبادل کے طور پر کسی ریٹائرڈ فوجی کی بجائے پیشہ ور سفارت کار کو مقرر کیا جائے۔

نمبر 10

ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافہ قومی معیشت کو برباد کر رہا ہے اور مہنگائی بے قابو ہو چکی ہے، مہنگائی کی طرح ڈالر میں مسلسل اضافے پر حکمران مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں، حکومت ڈالر اور مہنگائی میں اضافے پر دانستہ خاموش ہے جو آئی ایم ایف سے درپردہ سمجھوتے کا نتیجہ ہوسکتا ہے، آئی ایم ایف کی شرائط تسلیم کرنے کا نتیجہ قوم مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی تباہی کی صورت بھگت رہی ہے، یہ ظلم بند کرنا ہوگا، ڈالر کی مسلسل پرواز ثبوت ہے کہ حکومت معاشی محاذ پر بری طرح ناکام ہو چکی ہے، معاشی تباہی، مہنگائی اور معاشی افراتفری پاکستان کی قومی سلامتی کے تقاضوں کے لئے نیک فال نہیں۔ قائد حزب اختلاف نے کہا کہ ڈالر کی قیمت میں مزید اور مسلسل اضافہ قومی معیشت کے لئے تباہ کن اور قومی سلامتی کے تصور کے لئے خطرناک ہے، تاریخ گواہ ہے کہ ڈالر کی قیمت میں اضافے سے ملک میں ہمیشہ مہنگائی بڑھی ہے، ڈالر کی قیمت میں اضافے سے عوام کنگال ہو رہے ہیں اور حکومت کو عوام کی حالت زار کا کوئی احساس نہیں۔ آئی ایم ایف سے معاہدہ ختم نہیں ہوا تو پھر کیا طے پایا ہے، پارلیمنٹ کو بتایا جائے، آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والی شرائط اور مذاکرات کی تفصیلات پارلیمنٹ سے چھپانا بتا رہا ہے کہ دال کالی ہے

نمبر 11

گئی اور انہوں نے تصویر پر اپنا تبصرہ بھی پیش کیا۔انہوں نے لکھا کہ ملک میں خلقِ خدا بھوک، مہنگائی اور نااہلی سے مر رہی ہے اور ان کو دیکھو! مریم نواز نے اپنی ٹوئٹ میں مزید کہا کہ بے ضمیری اور بے حسی کا اگر چہرہ ہوتا تو ایسا ہوتا۔یاد رہے کہ عمران خان نے گزشتہ شام پاک بھارت ٹاکرا اپنے وفاقی وزیروں اور مشیروں کے ساتھ سعودی عرب میں دیکھا۔گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے بھارت کو 10 وکٹوں سے شکست دی تھی جس پر وزیراعظم عمران خان نے پوری ٹیم کو مبارکباد بھی دی تھی۔

نمبر 12

میں چھاپے، زائد نرخوں پر ڈی اے پی او ریور یا فروخت کرنے پر تین دوکانداروں کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے متعلقہ تھانوں میں درخواست دے دی ۔گزشتہ روز انہوں نے او جو شریف ، چوک بھٹہ او رمبارک پور، ڈی اے پی،اور یوریا کھاد کی بلیک میں فروخت کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے بلیک میں کھاد فروخت کرنے پر کھاد کے دوکانداروں ،حسنین حیدر اور خضر عباس، اور مبارک پور میں دوکاندار عابد علی کے خلاف مقدمات کے اندراج کے لئے درخواست متعلقہ تھانوں کو دیدی ہے اس موقع پر چوہدری اشفاق احمد نے کہا کہ کھاد کی بلیک مارکیٹنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈان شروع کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ مہنگے داموں کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی کریں گے اور بھاری جرمانے بھی کئے جائیں گے۔

نمبر 13

ایم پی ایصاحبزادہ میاں گزین خان عباسی، مسلم لیگ نون کے ایم پی اے ملک خالد بابر وارن، سابق تحصیل ناظم سید سبطین حیدر بخاری، مرکزی صدر انجمن تاجران محمد ارشد راجپوت، جنرل سیکریٹری آفتاب خان ڈاہر ،ممبران امن کمیٹی سید خواجہ محبوب الحسن ،اسد یعقوب رندھاوا، مجتبیٰ بخاری، سردار عبداللہ خان بنکانی، سردار غفار حیدر خان بنکانی، سید ساجد شاہ بخاری، اکرام آکاش، سید علی رضا کاظمی، جاوید خان، حاجی مشتاق گورایہ، سابق ناظم سید حسنین عسکری، فیاض بھٹی، اورنگزیب خان، صفدر بھٹی، شفیق الرحمان بھٹی، شہزاد گل نیازی، عمران کبوہ، شہزاد گل، حاجی فیاض احمد کھوکھر ،حاجی شوکت، ساجد محمود تمسی، منصور خان، جاوید وابلہ محرر تھانہ سٹی بابا عارف ،عبدالغفار ہیرا، صدر پریس کلب رفیق صفدر راجپوت، جنرل سیکرٹری سردار اے ڈی خان جلوانہ صدر الیکٹرانک میڈیا سہیل احمد چوہدری سردار محمد مکی حیدر جلوانہ، غلام محمد علی رضا باجوہ اور محمد فہیم خان فتح کے علاوہ صرافہ برادری انجمن تاجران سیاسی سماجی ،قانونی و مذہبی شخصیات نے بھرپور شرکت کیا یم پی اے صاحبزادہ میاں محمد گزین خان عباسی، سید سبطین حیدر بخاری اور سردار عبداللہ خان بنکانی نے مرحوم کے بڑے بیٹے غلام عباس کی دستار بندی کی۔ آخر میں علامہ سید عابد حسین نے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

نمبر 14

مکمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے، شہریوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عارف غوری کے اس اقدام کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے اس سے غریب نادا رار و بے سہارا لوگوں کو طبی سہولیات میسر آئیں گی اور وہ مالی مشکلات سے دوچار ہونے سے محفوظ رہیں گے۔

نمبر 15

قیمت 174 روپے 50 پیسے ہو گئی ہے۔اسے سے قبل 22 اکتوبر کو ڈالر کی قیمت 174 روپے سے تجاوز کر کے 174 روپے 10 پیسے ہوگئی تھی۔ جو تاریخ کی نئی بلند ترین سطح تھی۔ آج روپے کی قدر میں مزید کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ جس کے بعد ڈالر کی قیمت 174 روپے 50 پیسے ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ افغانستان کی صورتحال اور عالمی مہنگائی کی وجہ سے پاکستانی کرنسی مسلسل دباؤ کا شکار ہے اور ڈالر کی قیمت میں دن بدن اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ دوسری جانب چند روز قبل زرمبادلہ کی خرید وفروخت کا قانون نافذ کیا گیا ہے جس کے بعد سے 500 ڈالرز سے زائد کی خریداری ناممکن ہو گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے گزشتہ دنوں 22 اکتوبر سے ڈالرز کی خرید وفروخت کے لیے بائیومیٹرک لازمی قرار دی تھی۔

نمبر 16

سے ڈینگی کے 365 مریض رپورٹ جبکہ ڈینگی بخار مزید 2 قیمتی زندگیاں نگل گیا شہر میں اب تک ڈینگی سے 21 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ رواں سال سے اب تک شہر میں ڈینگی کے 7,005؟ کیسز سامنے آئے ہیں اور شہر لاہور کے ہسپتالوں میں ڈینگی کے 1,270 مریض داخل ہیں، گزشتہ روز محکمہ صحت کی ٹیموں نے لاہور میں 37,274 ان ڈور اور 7,530 آؤٹ ڈور مقامات کو چیک کیا جبکہ شہر میں 543 ان ڈور اور آوٹ ڈور مقامات سے لاروا تلف کیا گیا۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق گزشتہ روز لاہور سے ڈینگی کے 365 مریض رپورٹ جبکہ ڈینگی بخار مزید 2 قیمتی زندگیاں نگل گیا۔

نمبر 17

ادارے نے خبردار کیا ہے کہ افغانستان میں 2 کروڑ 20 لاکھ افراد موسم سرما میں ’’شدید غذائی عدم تحفظ‘‘ کا شکار ہوں گے معاشی طور پر غیر مستحکم افغانستان کو دنیا کے بدترین انسانی بحرانوں کا سامنا ہے نشریاتی ادارے کے مطابق ورلڈ فوڈ پروگرام کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈیوڈ بیسلے نے کہا کہ اس موسم سرما میں لاکھوں افغانی ہجرت اور بھوک کے درمیان فیصلہ کرنے پر مجبور ہو جائیں گے عہدیداروں نے بتایا کہ یہ بحران یمن یا شام کے مقابلے میں پہلے ہی بڑے پیمانے پر ہے اور کھانے کی عدم تحفظ کی ایمرجنسی سے بھی بدتر ہے۔ ڈیوڈ بیسلے نے ایک بیان میں کہا کہ افغانستان ان ممالک کی فہرست میں شامل ہے جہاں خوراک کا بحران بدترین ہے انہوں نے کہا کہ ہم تباہی کے دھانے پر ہیں اگر ہم نے ابھی کام نہیں کیا تو ہمارے ہاتھوں پوری تباہی ہوگی .ورلڈ فوڈ پروگرام اور اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے جاری کردہ بیان کے مطابق دو میں سے ایک افغان کو فیز 3 ’بحران‘ یا فیز 4 ’ایمرجنسی‘ خوراک کی کمی کا سامنا ہے فیز 4 قحط سے ایک قدم نیچے ہے اور حکام نے بتایا کہ افغانستان ایک دہائی میں بدترین سردیوں کا سامنا کر رہا ہے .اگست میں طالبان نے امریکی فوجیوں کو افغانستان چھوڑنے پر مجبور کر دیا تھا اور ساتھ ہی ایک عبوری حکومت کا اعلان کیا لیکن طالبان کو اب بھی متعدد بین الاقوامی پابندیوں اور دہشت گرد تنظیم داعش کے خونی حملوں کا مقابلہ کر رہے ہیں جبکہ موسمیاتی تبدیلی نے افغانستان کے خشک سالی کو شدید بنا دیا ہے .ملک کے مغرب میں ہزاروں غریب خاندان پہلے ہی اپنے ریوڑ بیچ چکے ہیں اور بڑے شہروں کے قریب بھری عارضی کیمپوں میں پناہ اور مدد کی تلاش میں ہیں انسانی بحران کے بارے میں پوچھے جانے پر طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بتایا کہ ہم اپنے لوگوں کو موجودہ حالات سے نکالنے اور ان کی مدد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی انسانی امداد بھی پہنچ چکی ہے ہم خوراک اور کپڑوں سمیت انتظام اور تقسیم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تمام پریشانیوں کو دور کیا جائے گا ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ خشک سالی کے حوالے سے ہم امید کرتے ہیں کہ اگر خشک سالی جاری رہی تو ہم موسم بہار میں مناسب اقدامات کریں گے . علاوہ ازیں اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے خبردار کیا کہ ان کا انسانی امداد کا منصوبہ صرف تیسرا فنڈ ہے جیسا کہ یہ ہے ایف اے او ایک کروڑ 14 لاکھ ڈالر کی فوری فنڈنگ اور 2022 میں زرعی سیزن کے لیے مزید 20 کروڑ ڈالر کی کوشش کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی برادری کو اس بحران سے نمٹنے کے لیے اکٹھا ہونا چاہیے جو تیزی سے قابو سے باہر ہو رہا ہے۔

نمبر 18

کے خلاف کیس پر سماعت میں عدالت نے حکم دیا کہ پی ٹی اے آئندہ سماعت پر عدالت کو مطمئن کرے کہ اس نے ٹک ٹاک پر پابندی کیوں لگائی؟ عدالت نے حکم دیا کہ وفاقی حکومت اور پی ٹی اے سوشل میڈیا ایکسپرٹس کے نام عدالت میں جمع کروائے۔ پی ٹی اے نے رپورٹ فائل کی لیکن عدالت نے جو ہدایت کی تھی اس کا جواب موجود نہیں۔ہائیکورٹ نے کہا کہ پی ٹی اے نے پشاور اور سندھ ہائی کورٹ میں بیان حلفی دیا ٹک ٹاک پر صرف ایک فیصد مواد قابل اعتراض ہوتا ہے۔متوسط طبقہ اپنے ٹیلنٹ کو اجاگر کر کے اس پلیٹ فارم سے کمائی کر رہا ہے۔عدالت نے پوچھا کہ پلیٹ فارم کو بلاک کرتے ہوئے کیا کسی ایکسپرٹس سے رائے لی گئی؟ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا تھا کہ وہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کریں گے۔اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی اے کو حکم دیا کہ جوب دے، کیوں نہ عدالت ٹک ٹاک کو کھولنے کا آرڈر دے؟ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 22 نومبر تک ملتوی کردی ہے۔

نمبر 19

کے لیے ڈیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا۔اس پروگرام کے تحت کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، شہید اللہ بخش سومرو یونیورسٹی آف آرٹ اینڈ ڈیزائن جامشورو سندھ، کراچی سکول آف آرٹ، آرٹ کونسل کراچی انسٹی ٹیوٹ آف آرٹ اینڈ کرافٹس کراچی اور یو ایس ایجوکیشن فاؤنڈیشن پاکستان کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نوید اختر، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ لینگویجز جاوید حسن چانڈیو، پرنسپل کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن ماریہ انصاری اجلاس میں شریک ہوئے۔ پرو وائس چانسلر نے کہا کہ آرٹ اینڈ کلچر کے فروغ کے لیے مختلف جامعات کا اشتراک انتہائی خوش آئند امر ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر جاوید حسن چانڈیو نے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا کالج آف آرٹ اینڈ ڈیزائن خطے میں فنون لطیفہ کے جدید ترین تدریسی و تحقیقی منصوبوں کی بدولت قومی سطح پر اپنا مقام بنا چکا ہے۔ مذکورہ فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام میں شرکت سے اساتذہ کرام کی صلاحیتوں میں نکھار آئے گا اور تدریس وتحقیق کو جدت ملے گی۔

نمبر 20

ریکارڈ کی گئی۔ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق دنیا کے آلودہ شہروں کی فہرست میں پیر کو بیجنگ پہلے، شینیا نگ دوسرے نمبر پر رہا۔ایئر کوالٹی انڈیکس کی جانب سے کی جانے والی درجہ بندی کے مطابق 151 سے 200 درجے تک آلودگی مضرصحت ہے، 201 سے 300 درجے تک آلودگی انتہائی مضر صحت ہے۔ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق 301 سے زائد کا درجہ خطرناک آلودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

نمبر 21

بڑھ سکتے ہیں۔عمران خان نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دے تو خطے میں امن و امان کا قیام ممکن ہوسکتا ہے، بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خودارادیت دے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات دوستانہ اور تاریخی ہیں، سعودی قیادت نے سعودی عرب کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کر دیا ہے، سعودی عرب اور پاکستان مشکل وقت کے دوست ہیں، پاکستان میں سعودی عرب سمیت دیگر ممالک کیلیے سرمایہ کاری کیمواقع ہیں۔

نمبر 22

خلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن عنیزہ فاطمہ کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ عوام پر حکومت کی جانب سے مہنگائی بم گرانے کا سلسلہ رک نہیں سکا، گھی کی قیمتوں میں مزید 20 روپے فی کلوگرام اضافہ قابل مذمت ہے، وفاقی وصوبائی حکومت سے مطالبہ ہے کہ اشیائے خوردونوش کی قیمتیں کم کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔

نمبر 23

اے آر وائی کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ تاریخی فتح کے یادگار لمحات نہ دیکھنے کا افسوس ہے، میں قومی مسئلے کی وجہ سے وطن واپس آ گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ میں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے تمام میچز گراؤنڈ میں عوام کے ساتھ بیٹھ کر دیکھے ہیں، میاں داد کے تاریخی چھکے والے میچ میں بھی اسٹیڈیم میں ہی موجود تھا۔اُن کا مزید کہنا تھا کہ می ٹیم نے بھارت کو بری طرح سے پچھاڑا ہے، بھارت ساری زندگی اس زخم کو چاٹے گا کیونکہ نشانات کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2021ء کا سب سے بڑا میچ کل دبئی میں کھیلا گیا جس میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں میگا ایونٹ کے سُپر 12 مرحلے میں شام سات بجے آمنے سامنے آئیں اور پاکستان نے جیت کا سہرا اپنے سر سجایا۔یاد رہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان آج کھیلا جانے والا میچ دیکھنے کے لیے دو روز قبل دبئی روانہ ہوئے تھے البتہ ملک میں جاری دھرنوں اور امن و امان کی صورت حال کے باعث انہیں وزیراعظم نے فوری وطن واپس طلب کیا تھا۔وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد فوری طور پر وطن واپس پہنچے اور ملک میں جاری مسئلے کو حل کرنے کے لیے کوششیں شروع کیں، جس میں خاصی حد تک کامیابی بھی حاصل ہوئی۔ روانگی کے وقت شیخ رشید نے کہا تھا کہ خواہ میچ کلکتہ ہو، دبئی ہو، یا چناپٹی مجھے دو دن کی چھٹی ملی ہے۔ میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے میچز دیکھنے دبئی جا رہا ہوں۔

نمبر 24

وفاقی وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے انصاف لائرز کنونشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری تحریک کا آغاز بھی وکلاء کی تحریک سے ہوا تھا، ہم چند لوگ عدلیہ بحالی کی مومنٹ میں پرچم ہاتھ میں اٹھا کر مال روڈ پر کھڑے ہوتے تھے، ہماری تحریک انصاف کی بنیاد انصاف انسانیت اور خودداری پر ہے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم عمران خان کا ویژن ہے کہ انصاف سب کو برابری کی سطح پر فراہم کرنا ہے، اس ملک میں پہلی بار طاقتور کو خوف پیدا ہوا کہ وہ قانون کے ماتحت ہے، اس دور میں بڑے بڑے چور ڈاکوؤں کو جیلوں میں جانا پڑا، وزیراعظم کا ویژن ہے کہ احتساب کے عمل کو کمزور نہیں پڑنے دینا، جمہوریت میں طاقت و اختیار کے ساتھ ساتھ احتساب بھی ہوتا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری حکومت قانون سازی کر کام کر رہی ہے اس بارے میں تفصیلات وزیر قانون فروغ نسیم بتائیں گے، جہاں پر قانون سازی میں مشکلات آئے وکلاء کہ ذمہ داری ہے کہ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہو جائیں، وزیراعظم عمران خان نے درپیش چیلنجز کے باوجود حق اور سچ کا ساتھ دیا، کشمیریوں کے مسئلے پر بھی وزیراعظم ان کے دلیرانہ وکیل ثابت ہوئے، بڑا آسان کام ہے کہ آپ تنقید کر لیں تنقید کرنے والے بتائیں آج سے قبل احتساب کی بات کس نے کی؟ فرخ حبیب کا کہنا تھا کہ جنہوں نے بینچوں پہ بریف کیس چلائے ہوں، جو ٹیلیفونوں پر فیصلے لکھواتے تھے، وہ کہتے ہیں یہ احتساب نہیں انتقام ہے، جس سے لندنوں میں محل بن گئے وہ الہ دین کا چراغ آج تک عوام کے پاس نہیں پہنچا، مریم نواز کو چیلنج ہے کہ وہ درخواست کرے کہ روز کی بنیاد پر کیس چلانے کی درخواست دیں دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔وفاقی وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا کہ یہاں ہر روز تاخیری حربے استعمال کرنے کے لیے درخواستیں دی جاتی ہیں، کبھی اداروں کے سربراہان کا نام لیا جاتا ہے، شہباز شریف پر 7 ارب ٹی۔ٹی کے کیسز جبکہ 25 ارب کا کیس نیب میں چل رہا ہے، ان کرپشن کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانے میں وکلاء کا بڑا اہم کردار ہے۔

نمبر 25

30 فیصد برقی کاروں کی اجازت دے گا اس کا مقصد گرین ہاؤس کے اخراج کو کم کرنے کی کوشش کرنا ہے . ریاض شہر کے رائل کمیشن کے سربراہ فہد الرشید نے انکشاف کیا کہ سعودی ماحولیاتی کانفرنس کے آغاز پر اعلان کیا گیا اگلے 9 سال کے دوران 8 ملین آبادی والے ریاض شہر میں کاربن کے اخراج کو نصف کرنے کا منصوبہ ہے۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے کانفرنس کے دوران 2060 تک سعودی عرب کے اندر گلوبل وارمنگ کے اخراج کو ختم کرنے کا وعدہ کیا ہے ریاض میں برقی گاڑیوں کو فروغ دینے کا ہدف اس وقت سامنے آیا ہے جب دیگر ممالک پٹرول اور ڈیزل سے چلنے والے اندرونی انجنوں کو کم کرنے یا ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں. چین نے 2025 تک نئی کاروں کی فروخت کا 25 فیصد برقی کرنے کا عزم کیا ہے، ریاض میں 2030 تک جیواشم ایندھن سے چلنے والی نئی برقی کاریں متعارف کرائی جائیں گی الرشید نے بتایا کہ پبلک انویسٹمنٹ فنڈ کئی سالوں سے الیکٹرک گاڑیوں میں سرمایہ کاری کر رہا ہے .واضح رہے کہ سعودی ولی عہد نے 23 اکتوبر کو ’’سبز سعودی عرب‘‘ کے پہلے سالانہ فورم کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں منصوبے کے لیے 700 ارب ریال خرچ کرنے کا اعلان کیا تھا ولی عہد نے مذکورہ منصوبے کے سلسلے میں مملکت میں مختلف نوعیت کے منصوبوں کے پہلے پیکج کا اعلان کیا یہ پیکج ماحول کے تحفظ اور ماحولیات کی تبدیلی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک نقشہ راہ ہوگا